AQF/ Sadiq

**30-12-2024**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں................ شبانہ رحمان

.......................................................

☆ خلائی تحقیق کا بھارتی ادارہ اِسرو آج سری ہری کوٹہ سے دو سیارچے خلاء میں بھیجے گا۔

☆ بھارت کے غیر ملکی زر مبادلہ کے ذخائر **700** امریکی ڈالر سے تجاوز کرگئے ہیں۔جس کے بعد ملک عالمی سطح پر چوتھے مقام پر آگیا ہے۔

☆ پنجاب اور بہار پولیس نے کپورتھلہ میں ایک مشترکہ کارروائی میں تیس بندھوا مزدوروں کو بچایا ہے۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے آئندہ دنوں میں ملک کے شمالی حصے میں کم از کم درجۂ حرارت میں نمایاں کمی کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ کرکٹ میں میلبرن میں بارڈر گواسکر ٹرافی کے چوتھے ٹسٹ میچ میں آسٹریلیا نے بھارت کو **184** رَن سے ہرادیا ہے۔

☆ اور ہاکی میں آج شام **Raurkela** میں ہاکی انڈیا لیگ میں **UP Rudras** کا مقابلہ **Vedanta Kalinga** کلنگا سے ہوگا۔**x**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**ISRO SPADEX**

خلائی تحقیق کا بھارتی ادارہ اِسرو آج رات **9** بجکر **58** منٹ پر سری ہری کوٹہ سے دو سیارچے خلا میں بھیجے گا۔ یہ سیارچے کسی مدار میں باہم مربوط اور ایک دوسرے سے الگ ہونے کی مشق پیش کریں گے۔ اِس تجربے کے بعد بھارت اِس کارنامے کو انجام دینے والا دنیا کا چوتھا ملک بن جائے گا۔ اسرو کا راکٹ **PSLV**، دو سیارچوں **SDX01** اور **SDX02** کو **476** کلو میٹر کے ایک گول مدار میں پہنچائے گا اور جنوری کے پہلے ہفتے کے دوران خلا میں **Docking** اور **Undocking** کا تجربہ پیش کرے گا۔×

**India Global Growth**

بھارت کے غیر ملکی زر مبادلہ کے ذخائر**700** ارب امریکی ڈالر سے تجاوز کرگئے ہیں، جو ایک اہم سنگ میل ہے اور اِس کے بعد بھارت عالمی سطح پر چوتھی پوزیشن پر آگیا ہے۔ **2014** سے **2024** کے درمیان گزشتہ دہائی میں ملک میں غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری **709** ارب ڈالر سے زیادہ رہی۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ بھارت عالمی سطح پر مقابلہ جاتی اعشاریہ میں **2014** میں **71** ویں مقام سے **2018** میں **39** ویں مقام پر آگیا تھا، جس سے بنیادی ڈھانچے کے فروغ، بازار کے سائز اور اختراعی پیشرفت کا اظہار ہوتا ہے۔ بھارت آج دنیا کی پانچویں سب سے بڑی معیشت ہے اور ملک تیسری سب سے بڑی معیشت بننے کی طرف گامزن ہے۔ **2024** میں بھارت خام اسٹیل کی پیداوار کے معاملے میں چین کے بعد دنیا کا دوسرا سب سے بڑا ملک بن گیا ہے۔ ملک نے موبائل فون تیار کرنے کے سلسلے میں بھی عالمی سطح پر دوسرا مقام حاصل کیا ہے۔

**Nirmala Pre Budget Meeting**

خزانے اور کارپوریٹ اُمور کی مرکزی وزیر نرملا سیتا رَمن نے آج نئی دلّی میں صنعتی نمائندوں کے ساتھ پانچویں بجٹ سے پہلے کے صلاح و مشورے کی صدارت کی۔ اِس میٹنگ میں خزانے کے محکمے، سرمایہ کاری اور سرکاری املاک کے بندوبست کے محکمہ، اقتصادی اُمور کے محکمے ، صنعتوں کے فروغ اور بین الاقوامی تجارت کے محکمے اور مرکزی حکومت کے چیف اقتصادی مشیر کے علاوہ مختلف محکموں کے سکریٹری صاحبان نے

شرکت کی۔ مالی برس 26-2025 کے مرکزی بجٹ کے یکم فروری 2025 کو پارلیمنٹ میں پیش کیے جانے کا امکان ہے۔ وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن مسلسل آٹھویں مرتبہ بجٹ پیش کریں گی۔x

**Sensex**

آج 30 حصص والے بامبے اسٹاک ایکسچینج میں 62 پوائنٹ کا اضافہ ہوا اور یہ 78ہزار 761 پر آ گیا۔ وہیں نفٹی میں بھی محض چار پوائنٹ کا اضافہ ہوا اور یہ 23 ہزار 818 پر آ گیا۔ x

**JAISHANKAR QATAR**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج سے قطر کے تین روزہ سرکاری دورے پر رہیں گے۔ دورے کے دوران وہ قطر کے وزیراعظم اور وزیر خارجہ شیخ محمد بن عبدالرحمان بن جسیم الثانی سے ملاقات کریں گے۔ ایک بیان میں وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ اُن کا یہ دورہ دونوں فریقوں کو دو طرفہ تعلقات کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لینے کا موقع فراہم کرے گا، جن میں سیاسی، تجارتی، سرمایہ کاری، توانائی، سیکیورٹی، ثقافتی اور عوام سے عوام کے رابطے کے علاوہ باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی معاملات شامل ہیں۔x

**Punjab Rescue**

پنجاب میں، پنجاب اور بہار پولیس کی مشترکہ ٹیموں نے ایک NGO 'بچپن بچاؤ آندولن' کے ممبروں کے ساتھ 30 بندھوا مزدوروں کو آزاد کرایا ہے۔ اِن میں تین کم عمر بچیاں اور 7 خواتین شامل ہیں۔ متاثرین سے کپورتھلہ میں آلو کے ایک کھیت میں کم اُجرت پر گھنٹوں جبراً بندھوا مزدوری کرائی جارہی تھی۔ ٹھیکیدار اُن سے مبینہ طور پر بے جا سلوک بھی کیا کرتا تھا۔ پولیس ذرائع کے مطابق، جن لوگوں کو باہر نکالا گیا ہے، ان میں نیپال کے 8 اور بہار کے سیتامڑھی ضلعے کے دیگر 22 افراد شامل ہیں۔ کم عمر بچیاں 12 سے 16 سال کی ہیں۔ بہار کے وہ دو ٹھیکیدار، جو متاثرین کو کپورتھلہ لائے تھے اور جنہوں نے انہیں بندھک بنارکھا تھا، فرار ہیں۔ بچاؤ کی یہ کارروائی سیتامڑھی ضلعے کے پولیس تھانے میں کم عمر بچیوں کے والدین میں سے ایک کے ذریعہ ایک FIR درج کرائے جانے کے بعد کی گئی۔x

**Punjab Bandh**

پنجاب میں کسانوں کی جانب سے دن بھر کے بند کے اعلان کے تناظر میں مکمل ردعمل سامنے آیا ہے۔ کسانوں نے اس بند کا اعلان، اس لئے کیا ہے کہ اُن کی فصلوں کیلئے کم ازکم امدادی قیمت کی قانونی طور پر گارنٹی دی جائے۔ اس کے سبب ریل اور سڑک ٹریفک بری طرح متاثر ہوا، اور ریاست کے بہت سے مقامات پر تجارتی مراکز بند رہے۔ کسانوں نے مختلف سڑکوں پر دھرنے دیئے، جس کی وجہ سے ٹریفک میں رخنہ پڑا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ریاست کے کسی بھی حصے سے اب تک کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی کوئی خبر نہیں ہے۔ فیروز پور کے ڈویژنل ریلوے منیجر DRM دفتر نے آ کاشوانی کو بتایا کہ 200 سے زیادہ ٹرینوں کو منسوخ کردیا گیا ہے، کچھ مدت کیلئے معطل کردیا گیا ہے یا وہ تاخیر سے چل رہی ہیں۔ ریلوے اسٹیشنوں پر مسافروں کو تاخیر اور منسوخی کے بارے میں بتانے کیلئے انتظامات کئے گئے ہیں۔ احتجاج کرنے والے کسان، اِس سال فروری سے شمبھو اور کھنوری سرحدی علاقوں میں احتجاج کررہے ہیں۔x

**Railwy Train Cancelled**

ریلوے نے آج کسان یونین کی جانب سے پنجاب بند کے پیش نظر 150 ٹرینیں منسوخ کردی ہیں۔ کسانوں کی یونین نے آج صبح سات بجے سے سہ پہر چار بجے تک بند کا اعلان کیا ہے۔ منسوخ کی گئی ریل گاڑیوں میں دلّی اور پنجاب کے درمیان چلنے والی شتابدی اور وَندے بھارت ایکسپریس ٹرین شامل ہیں۔ ناردن ریلوے کے مطابق ریل گاڑیوں کو منسوخ کیے جانے کے علاوہ 13 ریل گاڑیوں کے اوقات میں تبدیلی بھی کی گئی ہے۔x

**IMD-Day**

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے آج جموں وکشمیر اور ہماچل پردیش میں سخت سردی رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اِن خطوں میں کل تک شدید سردی جاری رہے گی۔ آ کاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے IMD کی سینئر سائنسداں ڈاکٹر Soma Sen Roy نے بتایا کہ

آج شمال مغربی بھارت میں گھنا کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج ساحلی تمل ناڈو میں شدید بارش ہونے کا بھی امکان ہے۔IMD نے مزید کہا ہے کہ آئندہ پانچ دنوں میں اترپردیش میں کم از کم درجہ حرارت میں چار سے پانچ ڈگری سیلسیس تک کی کمی ہوگی۔ پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی اور راجستھان میں اگلے تین دن میں کم از کم درجہ حرارت تین سے چار ڈگری سیلسیس تک کی کمی ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے مزید بتایا ہے کہ ملک کے وسطی اور مشرقی حصے میں کم از کم درجہ حرارت میں آج کوئی خاص تبدیلی نہیں ہوگی، لیکن اس کے بعد تین دنوں میں درجہ حرارت میں تین سے چار ڈگری سیلسیس تک کی کمی ہوسکتی ہے۔ مہاراشٹر میں آئندہ 5 روز کے دوران کم سے کم درجہ حرارت دو سے چار ڈگری سیلسیس تک کی کمی ہوسکتی ہے۔x

**Must Announcement Public Speak**

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ''2024 : سال جو تھا، یادیں جو ہمیشہ رہتی ہیں'' کے عنوان سے کُل انگریزی میں آدھے گھنٹے کا ایک خصوصی پروگرام پیش کرے گا۔ یہ پروگرام رات 8 بجے سے 100 اعشاریہ ایک ایف ایم گولڈ چینل اور اضافی میٹروں پر سنا جاسکتا ہے۔ یہ پروگرام نیوز آن AIR ڈاٹ Gov ڈاٹ IN اور آکاشوانی AIR اور نیوز آن AIR آفیشیل کے ہمارے یوٹیوب چینلوں پر بھی دستیاب ہوگا۔x

**Puducherry-LS**

بھارت کے انتخابی کمیشن کی طرف سے جاری کئے گئے جامع اعداد وشمار کے مطابق 2024 لوک سبھا انتخابات میں ملک میں خواتین ووٹروں کا سب سے زیادہ فیصد پڈوچیری میں درج کیا گیاہے۔ آج پڈوچیری کے چیف انتخابی افسر P.Jawahar کی جانب سے جاری کی گئی ایک پریس ریلیز کے مطابق 10 لاکھ 23 ہزار 699 ووٹروں میں سے 5 لاکھ 42 ہزار 979 تعداد خواتین پر مشتمل ہے، جو ووٹروں کی کُل تعداد کا 53 اعشاریہ صفر تین فیصد ہے۔یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ Mahe اسمبلی حلقے نے تربیت یافتہ خواتین اہلکاروں کے ذریعہ سبھی 31 پولنگ اسٹیشنوں پر خصوصی طور خواتین پر مشتمل عملے کے ساتھ ایک تاریخ رقم کی ہے۔x

**Telangana Assembly Tribute**

تلنگانہ قانون ساز اسمبلی نے آج سابق وزیراعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کو خراج عقیدت پیش کیا۔ آج بلائے گئے ایک خصوصی اجلاس میں لے جسلیچرس نے مرکز پر زور دیا کہ ڈاکٹر منموہن سنگھ کو بھارت رتن سے سرفراز کیا جائے۔ انھوں نے حیدرآباد میں ڈاکٹر منموہن سنگھ کا مجسمہ نصب کیے جانے پر بھی یہ کہتے ہوئے اتفاق رائے ظاہر کیا کہ انھوں نے ایک علیحدہ تلنگانہ ریاست کے قیام میں ایک اہم رول ادا کیا تھا۔ تعزیتی تحریک پیش کرتے ہوئے وزیراعلیٰ اے ریونتھ ریڈّی نے ڈاکٹر منموہن سنگھ کو ایک دور اندیش ، ماہر اقتصادیات اور بہترن رہنما کے طور پر یاد کیا۔x

**cricket**

کرکٹ میں میلبرن میں بارڈر گواسکر ٹرافی کے چوتھے ٹسٹ میچ کے آج پانچویں اور آخری دِن آسٹریلیا نے بھارت کو 184 رَن سے ہرادیا۔ اِس ہار کے بعد بھارت عالمی ٹسٹ چمپئن شپ سے باہر ہوگیا ہے۔ بھارتی ٹیم کو جیت کے لیے 340 رَن کا نشانہ ملا تھا، لیکن وہ اپنی دوسری اننگز میں 155 رَن پر آل آؤٹ ہوگئی۔ بھارت کے لیے یشسوی جیسوال نے سب سے زیادہ 84 رَن بنائے۔ آسٹریلیا کے لیے Pat Cummins اورScott Boland نے تین تین وکٹ حاصل کیے۔Pat Cummins کو بلے بازی اور گیند بازی دونوں میں بہترین کارکردگی کیلئے پلیئر آف دا میچ قرار دیا گیا۔ اس سے قبل آسٹریلیا کی ٹیم آج صبح 234 رَن پر آل آؤٹ ہوگئی تھی، اُس نے اپنے کل کے اِسکور 9 وکٹ پر 228 رَن سے آگے کھیلنا شروع کیا تھا۔ بھارت کے لیے جسپریت بمرہ نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پانچ وکٹ لیے۔ آسٹریلیا نے پانچ ٹسٹ میچوں کی سیریز میں دو ایک سے سبقت حاصل کرلی ہے۔بارڈر گواسکر ٹرافی کا پانچواں ٹسٹ میچ تین جنوری سے سڈنی میں کھیلا جائے گا۔

**HOCKEY INDIA LEAGUE**

راوڑ کیلا کے برسامنڈا ہاکی اسٹیڈیم میں آج ہاکی انڈیا لیگ میں UP Rudras کا مقابلہ Vedanta Kalinga سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات سوا آٹھ بجے سے کھیلا جائے گا۔ کُل کھیلے گئے ایک میچ میں سُورما ہاکی کلب نے Tamil Nadu Dragons کو پنالٹی شوٹ آؤٹ میں ایک کے مقابلے چار گول سے شکست دی تھی۔xxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxx